کمیشن برائے یکساں مواقع کا ذاتی معلومات جمع کرنے اور پرائیویسی پالیسی کے بارے میں بیان ("بیان")

ہم پرسنل ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس (Cap 486 قانون ہانگ کانگ) ("PD(P)O") کی شرائط پر عمل کرنے کا حلف لیتے ہیں۔ ایسا کرنے سے، ہم اپنے عملے کے تمام افراد کی طرف سے ("PD(P)O") پر پوری طرح عمل یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن حد تک اقدامات اٹھائیں گے تاکہ وہ سکیورٹی اور رازداری کے مطلوبہ معیارات پر پورا اتریں۔

معلومات جمع اور استعمال کرنا

کمیشن برائے یکساں مواقع (EOC) کے پاس شکایت، انکوائری یا درخواست جمع کرانے، ہماری تقریبات میں شرکت کرنے یا ہم سے رابطہ کرنے پر ہم آپ کے بارے میں ذاتی معلومات ("پرسنل ڈیٹا") جمع کرسکتے ہیں۔ آپ کی طرف سے ضروری معلومات فراہم نہ کیے جانے پر ہم آپ کی انکوائری، شکایت پر کارروائی کرنے یا آپ کو خدمات کی فراہمی جاری رکھنے سے قاصر ہو سکتے ہیں۔

ہم آپ کی ذاتی معلومات وقتاً فوقتاً مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

a. آپ کے سوالات اور شکایات سے نمٹنا اور پیروی کرنا؛

b. اپنی قانونی ذمہ داریاں نبھانے کے لیے؛

c. ہماری خدمات استعمال کرنے والوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے خدمات کا جائزہ لینا اور انہیں بہتر بنانا؛

d. خدمات بہتر بنانے کے لیے تحقیق کرنا؛

e. EOC کے بیمہ کار کو کسی دعویٰ کے بارے میں مطلع کرنا جس میں آپ جواب دہندہ یا دعویٰ دار ہیں؛

f. دیگر خدمات کے بارے میں آپ کو معلومات اور مواد بھیجنا (بشرطِ رضامندی)؛

g. ریگولیٹری ادارے یا دیگر حکام کی طرف سے جاری کردہ قواعد و ضوابط یا قوانین کی تعمیل کرنا؛

h. دیگر مقاصد جس پر آپ رضامندی ظاہر کریں؛ اور

i. مذکورہ بالا سے جڑا کوئی دیگر مقصد۔

کوکیز کا استعمال

جب آپ ہماری ویب سائٹ وزٹ کرتے ہیں تو ہم آپ کے وزٹ کو صرف ایک ”ہِٹ“ کے طور پر ریکارڈ کریں گے، اس میں آپ کے بارے میں ذاتی یا شناختی معلومات شامل نہیں ہوں گی۔ دوسری طرف، اگر آپ نے یہ فیچر فعال کیا ہو گا تو”کوکیز“ آپ کے کمپیوٹر کے ویب براؤزر میں محفوظ ہوں گی ۔ ”کوکی“ معلومات کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے جو وہ ویب سائٹ کی طرف سے بھیجا جاتا ہے جسے آپ وزٹ کر رہے ہوتےہیں۔ اس میں آپ کی ترجیحات ریکارڈ ہوتی ہیں جنہیں براؤزر میں محفوظ کیا جاتا ہے۔ ہم کوکیز کے ذریعے آپ کی ذاتی معلومات جمع نہیں کریں گے۔ آپ اپنے ویب براؤزر پر کوکیز کو غیر فعال کر سکتے ہیں، تاہم ایسا کرنے پر آپ ہماری ویب سائٹ کے کچھ اہم فیچرز سے فائدہ انہیں اٹھا سکیں گے، جیسا کہ پسندیدہ زبان منتخب کرنا۔

معلومات کا تحفظ اور افشا کرنا

ہم تمام ذاتی معلومات کو خفیہ رکھتے ہیں تاہم ذاتی معلومات مذکورہ بالا مقاصد کے لیے مندرجہ ذیل زمروں/اقسام کے افراد (ہانگ کانگ میں یا اس سے باہر) کے ساتھ شیئر کی جا سکتی ہیں:

a. آپ کی شکایت، انکوائری یا درخواست کے حوالے سے متعلقہ فریق اور EOC کی خدمات کے لیے درخواست؛
b. قانونی مشیر یا دوسرے پیشہ ور مشیر جو ہماری طرف سے بلائے گئے ، جیسا کہ تحقیق کرنے والے مشیر اور نمائندے؛
c. وہ افراد جن کے ساتھ معلومات شیئر کرنا ہم پر قانون اور قواعد و ضوابط یا دیگر حکام یا قانون نافذ کرنے والے کسی ادارے یا کسی عدالت یا عدالتی ادارے کی طرف سے لازمی ہو؛ اور /یا
d. وہ افراد جن کے ساتھ ذاتی معلومات شیئر کرنا ہمارے قانونی طریقہ کار کے تحت لازم ہو تاکہ غیر قانونی یا مشکوک سرگرمیوں کا پتہ چلایا جا سکے اور ان سے بچا جا سکے۔

دیگر ویب سائٹس سے لنک

ہم آپ کی سہولت کے لیے دیگر ویب سائٹس کے ساتھ بھی لنک فراہم کرتے ہیں۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ اس بیان کا اطلاق صرف ہماری ویب سائٹ پر ہے۔

اگر آپ دوسری ویب سائٹ سے منسلک کسی ہائپر لنک پر کلک کرتے ہیں تو اُس ویب سائٹ پر کوکیز اور آپ کے ڈیٹا کے تحفظ کی ذمہ داری ہم پر لاگو نہیں ہو گی۔ ہم آپ کو متعلقہ ویب سائٹ کی پرائیویسی پالیسی اور پریکٹسیز سے رجوع کرنے کا مشورہ دیں گے۔

پرسنل ڈیٹا تک رسائی اور تصحیح

PD(P)O کے تحت عام طور پر کسی شخص کو اپنے پرسنل ڈیٹا تک رسائی کا حق ہوتا ہے اور وہ اپنے بارے میں غلط پرسنل ڈیٹا میں تصحیح بھی کروا سکتا ہے۔ پرسنل ڈیٹا تک رسائی اور اس میں تصحیح کی تحریری درخواست Equal Opportunities Commission, 16/F, 41 Heung Yip Road, Wong Chuk Hang, Hong Kong پر ارسال کی جائے جو کہ مندرجہ ذیل عہدیدار کے نام ہو:

a. ڈائریکٹر (کمپلینٹ سروسز) یا چیف لیگل کونسل کے کام کے شعبوں میں سے ان کے پاس موجود پرسنل ڈیٹا جو ان کے پاس موجود ہو؛
b. ڈائریکٹر، کارپوریٹ پلاننگ اینڈ سروسز تمام دیگر ریکارڈز کے حوالے سے پرسنل ڈیٹا

-

مزید تفصیلات کے لیے ہماری 'Privacy and Data Protection Policy and Practices' وزٹ کریں۔

ہم ڈیٹا تک رسائی کی کسی بھی درخواست کی فی وصول کرنے کے مجاز بھی ہیں۔

یہ بیان انگریزی زبان میں ہے جس کا ترجمہ چینی اور دیگر نو اقلیتی زبانوں میں کیا گیا ہے۔ انگریزی اور دیگر ورژن میں اختلاف کی صورت میں انگریزی ورژن کو فوقیت دی جائے گی۔

نظرثانی شدہ اکتوبر 1 202

کمیشن برائے یکساں مواقع